کسی نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے زیادہ بہتر کمائی کبھی نہیں کھائی اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی کمائی کھایا کرتے تھے

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”داؤد علیہ السلام صرف اپنے ہاتھ کی کمائی کھایا کرتے تھے“ مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”کسی نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے زیادہ بہتر کمائی کبھی نہیں کھائی اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی کمائی کھایا کرتے تھے“

[یہ حدیث اپنی دونوں روایات کے اعتبار سے صحیح ہے] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ ہمیں بتا رہے ہیں کہ داود علیہ السلام صرف اپنے ہاتھ کی کمائی کھایا کرتے تھے آپ علیہ السلام ایک کاریگر تھے اور بہت اچھی طرح زرہیں اور دیگر آلات جہاد بنانے کا فن جانتے تھے جب انبیا علیہم السلام کاریگری، کھیتی باڑی اور مویشیوں کو چرانے جیسے کام کر کے اپنے ہاتھ سے کما کر کھاتے تھے، تو ان سے کم تر لوگوں کو تو بدرجہ اولی چاہیے کہ وہ یہ کام کریں؛ تاکہ ان کی بدولت لوگوں کے سامنے دست سوال دراز کرنے سے اپنے آپ کو بچا سکیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3752